سوال

(165)پسند کی شادی کے لئے دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا پسند کی شادی کے لیے شریعت میں کوئی دعا موجود ہے۔ اگر ہے تو برائے مہربانی مستند حوالہ جات سے ذکر فرمایئے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شادی کرنا نبی کریم ﷺ کی سنت مبارکہ ہے اور اس سنت کے لئے دعا کرنا بھی جائز ہے۔ اس حوالے سے اگرچہ کوئی متعین دعا ثابت نہیں ہے، لیکن آپ اردو اور پنجابی میں کوئی بھی دعا کر سکتے ہیں۔ نیز یاد رہے کہ رشتے کے انتخاب میں اپنی ذاتی خواہشات کی بجائے دینداری کو ترجیح دینی چاہیئے۔ اگر کوئی مرد یا عورت کسی مرد یا عورت سے پسند کی شادی کرنا چاہتے ہیں تو شرعی طریقے سے شادی کرنے کا سوچیں اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اللہ تعالی سے استخارہ کریں۔ جس میں دنیا وآخرت دونوں جہانوں کی بھلائی کا سوال کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی